قیمت ۲۰ ،ر سینٹ

شمالی امریکہ کا واحد اردو اخبار جس نے ادبی ایوارڈ کا سلسلہ جاری کیا

Your man in Toronto

Before you buy your next new or used car give "Ted" Quinlan a try. Ted, has over twenty years of successful selling experience to offer the best deal to his friends

TED QUINLAN
SALES REPRESENTATIVE

751-1100

IRVINE
ALEX IRVINE MOTORS (1970) LTD.
LAWRENCE AVE. E., SCARBOROUGH, ONT. M1P 2S2

National Library
Bibliothèque Nationale
FEB 12 1980
NEWSPAPER SECTION
SECTION DES JOURNAUX

نہ لاؤ کبھی یاس کی گفتگو کہ قرآن میں آیا ہے لا تقنطوا

THE MESSENGER

پیغامبر

جلد ۲ | ۱۷ر جنوری تا ۷ر فروری سنہ ۱۹۸۰ء | شمارہ ۲۲

ہوائی اڈہ پر روسی اور افغان فوجوں میں جھڑپیں

قلعہ کے قریب بھی روسی اور افغان فوجوں میں لڑائی شروع ہو گئی

ہوائی اڈہ پر روسی ٹرانسپورٹ طیارہ جل کر تباہ ہو گیا

افغانستان کے آٹھ علاقوں میں باغیوں کی لڑائی جاری ہے

اسلام آباد (رائٹر) پاکستان میں متعارف کابل کو ملنے والی اطلاعات کے مطابق آج کابل کے ہوائی اڈے کے قریب روسی فوجوں اور افغانستان کے فوجی دستوں کے درمیان جھڑپیں ہوئیں لیکن ان اطلاعات کی فوری طور پر تصدیق نہیں ہو سکی ہے۔ بالا حصار کے قلعہ کے قریب بھی جھڑپیں جاری ہیں۔ قلعہ میں گزشتہ اگست کو افغانستان کی فوج کے دستے نے بغاوت کر دی تھی۔ ادھر کابل سے رائٹر نے خبر دی ہے کہ آج صبح سویرے کابل کے بین الاقوامی ہوائی اڈے کی سمت سے شاید بھاری توپوں کی آوازیں سنی گئیں اور پھر مشین گن فائرنگ شروع ہو گئی۔ روس کی ایئر لائنز ایروفلوٹ کا ایک طیارہ ماسکو روانہ ہوا۔ روسی فوج نے جس کی افغانستان میں تعداد ۸۵ ہزار کے لگ بھگ بتائی جاتی ہے کابل کے ہوائی اڈے اور شہر کے چاروں طرف خندقیں کھود کر طیارہ شکن توپیں نصب کر دی ہیں۔ کل ہوائی اڈے کے شمال سے ایک طیارہ جلتا ہوا دیکھا گیا۔ اس طیارے سے کئی گھنٹے تک شعلے بھڑکتے رہے۔ ہوائی اڈے پر تعینات افغان حکام نے اس طیارے کے بارے میں کچھ بتانے سے صاف انکار کر دیا تاہم خیال ہے کہ یہ روسی ٹرانسپورٹ طیارہ تھا۔

خلیج کے تیل کے کنویں خطرہ میں پڑ گئے ہیں عرب امارات کے وزیر کا بیان

افغانستان نے امریکی صحافیوں کو نکل جانے کا حکم

بھارتی شہزادے نے تخت طاؤس کے حصول کیلئے جدوجہد کی ٹھان لی

بجٹی کے مشیر کو سزا

بھارت ایٹمی ہتھیار نہیں بنائے گا۔ مسز گاندھی

جنرل ضیاء الحق نے امریکی امداد مسترد کر دی

کینیڈا جاپان اور برازیل نے نئی افغان حکومت کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا





روسی وزیر خارجہ کا دہلی کا دورہ ملتوی ہو گیا

اگلے ہفتے فرانس کے صدر بھارت کا دورہ کریں گے



حج کانفرنس فروری کے پہلے ہفتے میں منعقد ہوگی

افغان مہاجرین کے لیے

Now it's the Law. You can no longer drive without insurance.

کمپلسری آٹوموبائل انشورنس ایکٹ کا اطلاق یکم دسمبر ۱۹۶۹ء سے ہو چکا ہے۔ اب اونٹاریو میں رہنے والوں کیلئے یہ ضروری ہے کہ کوئی بھی موٹر گاڑی کو رجسٹر کرانے سے پہلے ان کے پاس گاڑی کا انشورنس ہونا ضروری ہے۔ ڈرائیور اب ۱۵۰ ڈالر موٹر ایکسیڈنٹ کلیم فنڈ میں جمع کرا کے گاڑی کو بغیر انشورنس کے نہیں رجسٹر کرا سکتے ہیں۔ MVAC فنڈ گاڑی کیلئے انشورنس مہیا نہیں کرتا ہے

گاڑی کو رجسٹر کرانے کی آخری تاریخ ۲۹ فروری ۱۹۸۰ء ہے

third party liability کسی بھی گاڑی کو رجسٹر کرانے کیلئے ضروری ہے کہ آپ کے پاس انشورنس جو کم از کم 100,000 ڈالر کا ہو، ہونا ضروری ہے۔ اگر آپ کمپلسری آٹوموبائل انشورنس ایکٹ کے متعلق مزید معلومات چاہتے ہیں تو درج ذیل سے رابطہ قائم کیجئے۔

phlet at Vehicle Licensing Offices and Driver Examination Centres, or write to (call collect 1-416-963-1111):

Consumer Information Centre
Ministry of Consumer
and Commercial Relations

555 Yonge Street
Toronto, Ontario
M7A 2H6

Ontario

Frank Drea,
Minister of Consumer
and Commercial Relations

William Davis, Premier

THE MESSENGER

پیغامبر

اسکاربرو (کینیڈا)

پبلشر و ایڈیٹر: سہیل اختر

معاون: حسنین اختر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جہاں بینی مری فطرت ہے لیکن
کسی جمشید کا ساغر نہیں میں

ادبی الوارڈ کی تقریب عنقریب منعقد ہو رہی ہے ہم نے کل دو صد دعوت نامے جاری کر دئے ہیں۔ مزید دعوت نامے حاصل کرنے کیلئے براہ کرم ہمیں فون نہ کیجئے۔ ہم مزید دعوت نامے جاری کرنے سے قاصر ہیں۔

ادبی الوارڈ کی مصروفیات نے ہمیں مضامین کی کتابت کا موقع نہیں دیا۔ یہی وجہ ہے کہ اس شمارہ میں مقامی ادبا و شعراء کی تخلیقات شامل اشاعت نہیں۔ جس کے لیے ہم معذرت خواہ ہیں۔

۷ مارچ ۱۹۸۹ء کا شمارہ سالنامہ ہوگا، جس کی تیاری ابھی سے ہو رہی ہے۔ مقامی ادیبوں، نقادوں و شعرائے کرام سے درخواست ہے کہ وہ اپنی تخلیقات ہمیں ۲۸ فروری تک بھیج دیں تاکہ وہ سالنامہ کی زینت بن سکیں۔

آئندہ شمارہ میں پڑھئے

- **بھائی صاحب**
  حسن عسکری کی شخصیت پر ایک منفرد تحریر، منفرد مضمون نگار جناب انور شیخ کے قلم سے
- **"زبان کا مسئلہ"**
  بیگم مسعود شیخ پرواز کی ایک شوخ تحریر
- **"پردہ اٹھتا ہے"**
  میاں مجنوں کے قلم سے ایک بیباک حقیقت

اس کے علاوہ

تامنے جعفری، مسعود صاحب، شہلا ناز اور شاعر ظرافت تنا بز تقوی کی غزلیں

اور مستقل عنوانات

پیغامبر میں آپ کے اشتہارات آپ کی کامیابی کی ضمانت ہیں، آج ہی فون کرکے اپنے اشتہارات بک کروائیں۔

فون نمبر 267-8006

شمع ہدایت

ارشادات رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

- ایک ساعت انصاف (برسہا برس) کی عبادت سے بہتر ہے۔
- وہ شخص بے دین ہے جس میں دیانتداری نہیں۔
- وہ شخص بھی بے دین ہے جس میں عہد کی پابندی نہیں۔
- جو لوگ میانہ روی اختیار کرتے ہیں، کسی کے محتاج نہیں ہوتے۔
- بری مجلس سے احتراز کرو۔
- انسان کی سمجھداری یہ ہے کہ وہ کفایت شعار ہو۔
- غلے کو روک کر بیچنے والا ملعون ہے۔
- مکر، دھوکا اور خیانت کرنے والا دوزخ میں جائے گا۔
- عورت کی عزت شریف الطبع ہی کرتے ہیں اور اس کی اہانت کمینے لوگوں کے سوا کوئی نہیں کرتا۔
- عورتوں میں سب سے اچھی عورت وہ ہے جسے اس کا شوہر دیکھے تو خوش ہو جائے۔
- (اللہ کو ماننے کے بعد) بہترین دانائی انسانوں سے محبت کرنا ہے۔
- بلند ہمتی ایمان کی علامت ہے۔
- خدا بلند امور کو پسند اور اچھے کاموں کو پسند کرتا ہے۔
- دولت مند پر حسد نہ کرو، دولت کی لذتیں فانی و عارضی ہیں۔
- خدا کے نزدیک بہترین دوست وہ ہے جو اپنے دوست کا خیرخواہ ہو۔
- جو شخص عیب جوئی کرتا ہے اور دوسروں پر آوازیں کستا ہے اس کیلئے بڑی تباہی ہے۔
- جو کوئی اللہ پر توکل رکھے گا اللہ اس کے لئے کافی ہوگا۔
- سب سے زیادہ نیکی اچھے دوستوں اور ہمنشینوں کی عزت کرنا ہے۔
- امانت سے رزق بڑھتا ہے، خیانت سے افلاس لازم آتا ہے۔
- سادگی ایمان کی علامت ہے۔
- اپنے کو مظلوم کی بددعا سے بچاؤ اس لئے کہ وہ خدا سے صرف اپنا حق مانگتا ہے اور خدا حق دار کو اپنا حق مانگنے سے نہیں روکتا (یعنی اسے اس کا حق ضرور ملتا ہے)۔
- وہ شخص کامل مومن نہیں ہو سکتا جو خود تو سیر ہو کر کھائے لیکن اس کا ہمسایہ بھوکا رہے۔
- سردار بننے سے پہلے علم حاصل کرو۔

سچی باتیں

حضرت اکبر الہ آبادی اس زمانہ کے مشہور شاعر تھے، ان کا ایک شعر ہے:

ہم کوئی رد و دستی کے سلیقے جو کر رہے ہیں
آپس میں لڑ رہی ہیں اور گھر بگڑ رہے ہیں

آپ کے نزدیک یہ محض شاعری ہے، یا اس شعر کا مضمون کچھ درست بھی ہے؟ خود اپنے گھر کا جائزہ آپ کو کیا بتاتا ہے؟ مسلمانوں کا گھر آج آباد ہو رہا ہے یا اجڑ رہا ہے؟ آپس میں اتحاد و اتفاق قائم ہوتا جاتا ہے، یا روز بروز نفاق اور بڑھتا جاتا ہے؟ مذہبی زندگی آپ میں پیدا ہوتی جاتی ہے یا اور مٹتی جاتی ہے؟ اپنے پروردگار سے آپ نزدیک تر مانوس ہوتے جاتے ہیں، یا اور دور نامانوس ہوتے جاتے ہیں؟ آپ کی اولاد کے اخلاق بہتر ہوتے جاتے ہیں، یا اور بگڑتے جاتے ہیں؟ دغا، بد اعمالیوں پر آپ حاکم ہوتے جاتے ہیں، یا اس کے برعکس دنیا آپ پر غالب آتی جاتی ہے؟ شراب خوری، جنگ جوئی، سود خواری، خود بینی، رشوت، جعل، مکر کی بیماریاں گھٹ رہی ہیں، یا ان کا زور بڑھ رہا ہے؟ دل ایک دوسرے کی جانب جھک رہے ہیں یا ایک دوسرے کی طرف سے ہٹ رہے ہیں؟

آپ کہتے ہیں کہ ترقی کا اندازہ مادی دنیا کے واقعات سے کرنا چاہیے۔ بہتر ہے، زندگی کے روحانی و اخلاقی پہلوؤں سے قطع نظر کیجئے اور جانچ اور اندازہ کے لیے صرف مادی و جسمانی زندگی ہی کو پیش نظر رکھیے۔ غرض یہ ہے کہ طاعون اور ہیضہ، چیچک اور فالج اور دوسری بیماریاں اور وبائیں مٹتی جاتی ہیں یا اور زیادہ پھیلتی جا رہی ہیں؟ اگلی بیماریاں ناپید ہوتی جاتی ہیں یا روز نئی بیماریاں ظہور میں آتی جاتی ہیں؟ ناگہانی جوان موتوں کی کثرت تعداد کی بابت خود آپ کا ذاتی مشاہدہ آپ کو کیا بتا رہا ہے؟ نوجوانوں کی آنکھیں اب جس کثرت سے عینک کی محتاج ہیں، کیا ہمیشہ سے ایسی ہی تھیں؟ جیل خانوں کی آبادی گھٹ رہی ہے یا بڑھ رہی ہے؟ نئے نئے قسم کے جرائم روز بروز پیدا ہوتے چلے جاتے ہیں یا صورت حال اس کے برعکس ہے؟ سفلی کی ایجاد سے جرائم کی تعداد میں ترقی ہوئی ہے یا تنزل؟ تھیٹروں کے وجود سے خانگی زندگی کی راحتوں اور مسرتوں میں اضافہ ہوتا جاتا ہے یا مصیبتوں اور غمگینیوں میں؟ موٹروں، ریلوں، جہازوں اور ہوائی جہازوں نے کے حادثات زندگیوں کو تلخ و درست بنا رہی ہیں یا مسرور؟ دوسری نصف معاش کی طرف سے اطمینانی پھیلتی جاتی ہے یا بے چینی بڑھ رہی ہے؟ ضروریات زندگی کی گرانی جیسی اب عام ہے، کیا ہر زمانہ میں ایسی ہی رہی ہے؟ مفلسی و دولت مندی کے فوری اتار چڑھاؤ کے تماشے جو آج ہر طرف نظر آرہے ہیں، کیا ہر زمانہ میں ایسے ہی ہوتے آئے ہیں؟ جیبوں کے دیوالے نکل جانے، تجارتوں میں ٹوٹا پڑنے اور کمپنیوں کے یکایک بیٹھ جانے اور پھر ان کے نتیجہ کے طور پر دیوانگی اور خودکشی کے واقعات جس کثرت کے ساتھ آج دنیا دیکھ رہی ہے، کیا یہ صورت ہمیشہ سے قائم رہی ہے؟

کیا آپ اس صورت حال پر رضامند اور مطمئن ہیں؟ اگر نہیں، تو کیا پھر کوئی فرض آپ کے ذمہ عائد نہیں ہوتا؟ کیا اس کے دور کرنے یا کم از کم اس کی تلخیوں کے کم کرنے کی کوشش کرنا آپ کے خیال میں غیر ضروری ہے؟ یہ بھی نہ سہی تو اپنے آپ کو خود اس سے بچانے کی کوشش کرنا کیا آپ کے نزدیک حماقت ہے، جرم ہے، یا بے عقلی ہے؟

اِنشا جی کو کوچ کیے دو سال بیت گئے

پروفیسر سید حمید رضوی
(پرنسپل ڈگری کالج لطیف آباد)

"سنا تھا کہ ... اک کوچے میں اک انشا نام کا دیوانہ رہتا تھا ... بستی بستی ... میرے ... دیوانہ ..."

ایک وسیع کمرے میں متعدد طالبات چلے ... تھیں۔ کمرے کی ... وہاں ... بیٹھی ... انشا جی ...

اس بستی کے اک کوچے میں اک انشا نام کا دیوانہ



"شاعر ہے کہ عاشق ہے جوگی ہے کہ بنجارہ"

"چاند نگر کے شاعر"
کی یاد میں پہلی برسی کے موقع پر
ماضی کی چند جھلکیاں!



صحافت ایک بہت بڑی قوت ہے جو فائدہ بھی پہنچا سکتی ہے اور نقصان بھی۔ اگر یہ ٹھیک نہج پر ہو تو رائے عامہ کی رہنمائی بھی کر سکتی ہے۔

کشمیر کے صحافیوں سے حضرت قائد اعظم کی گفتگو

آپ کے شہر میں

کینیڈا میں رہنے والے تارکینِ وطن کی خبریں، سرگرمیاں، جلسے اور سترادادیں

دائیں سے بائیں: مدیر پیغامبر، جان منرو، پیغامبر کی نمائندہ خصوصی شیخ قاضی اور سابق وزیر اعظم کینیڈا پیری ایلیٹ ٹروڈو

جان منرو نے جب ٹروڈو سے مدیر پیغامبر کا تعارف کرایا تو ٹروڈو نے کہا "السلام علیکم"



"آپ پاکستانی ہوں یا جاپانی، چینی ہوں یا عربی، آپ سب کینیڈا کے پروقار شہری ہیں"
مدیر پیغامبر کو ٹروڈو کا جواب

عرب نیوز کے صلاح عالم اور پیغامبر کے حفیظ اختر ٹروڈو کے ساتھ عرب مسائل پر گفتگو کرتے ہوئے۔



دیکھیے یہ سنجیدگی ۱۸ فروری کو کیا رنگ لاتی ہے۔



لبرل پارٹی کے تینوں امیدوار کامیابی کے تصور سے ہی چہرے کھکھلا اٹھے۔

صدائے پاکستان

شمالی امریکہ کا پہلا پاکستانی ریڈیو پروگرام
(گزشتہ 9 سالوں سے پیش کیا جا رہا ہے)

بہترین پاکستانی فلمی موسیقی اور تازہ ترین قومی خبروں سے ترتیب پا کر
ہر اتوار کی رات آٹھ بجے سے ساڑھے آٹھ بجے تک

FM101

— پر نشر کیا جاتا ہے —

چیئرمین: ایوب قریشی، پروپرائیٹر: الفرواشین فوڈ اسٹور ——— اناؤنسر: عادل تیموری

مبارک باد

ہم مسعود حسین اور ان کی بیگم شمیم حسین کو بچی کی پیدائش پر دلی مبارک باد پیش کرتے ہیں۔

اور

دعاگو ہیں کہ اللہ بچی کو عزت، تندرستی اور دین و دنیا کی دولت سے مالا مال کرے آمین

(ادارہ پیغام)

PIRRI'S Dixieland MARKET
FRESH FRUITS — VEGETABLES — FLOWERS

گروسری، تازہ سبزیاں اور ہر قسم کے مصالحہ جات
نہایت ہی سستے داموں پر خریدنے کیلئے
ہمارے ہاں تشریف لائیں۔

Retail: 1108 Pharmacy Ave. [at Lawrence] Scarborough, Phone: 759-0473

Wholesale: 1052 Birchmount Rd. [1 block N. of Eglinton Ave.], Scarborough, Phone:759-5214

"سورتی" کے پان کھائینگے تو محبوب کی مدھر یاد آجائیگی

• "سورتی" کے مصالحے دار پان • مزیدار کچوریاں • لذیذ سبزیاں

دو قسم کی سبزیاں، پراٹھہ، پوری، پاپڑ، چٹنی
اور رائتہ صرف $2.75 میں

Best Pan in Toronto—Gujrati Food—Take-out

- Maseladar Surati pan
- Sev-Usher
- Pan Masala
- Kachori
- Sev-Gathia
- Ragda Patis
- Paw-bhaji
- Khaman-dokla
- Batata-wada
- Patda
- Masaladar Indian Tea.

WE WILL ALSO CATER TO
SPECIAL OCCASIONS AND PARTIES

دعوت اور پارٹی کے آرڈر پر خصوصی رعایت
آج ہی فون کیجئے

ٹورانٹو 421-3055 یا 245-7616

SURATI PAN & FOODS

SURATI PAN & FOODS
401 Donlands Avenue, Toronto.

ہمیشہ کی طرح آج بھی آپ کی خدمت

میں کوشاں

تازہ حلال گوشت • تازہ حلال مرغیاں

ہر قسم کی اعلیٰ گروسری۔ تازہ سبزیاں

ہر قسم کی کھانے پینے کی اشیاء مثلاً آٹا، چاول
دالیں، لذیذ اور عمدہ مصالحہ جات، تازہ سبزیاں اور
دوسرا سامان حاصل کرنے کیلئے ہماری خدمات
حاصل کرنے کا وقت اب پہنچ چکا ہے۔
بہترین اور فوری سروس و دیانتداری ہماری اہم خصوصیات ہیں

HOUSE OF HALAL MEAT
903 Danforth Avenue
Toronto, Ontario
Please Call ISMAIL At
461-2839

عید میلاد النبی کا جلسہ

کینیڈین سوسائٹی آف مسلمز کی جانب سے آپ کو مسلمانوں کے سب سے بڑے تہوار عید میلاد النبیؐ کے جلسہ میں شرکت کی دعوت دی جاتی ہے۔ یہ جلسہ مورخہ ۲۶ جنوری ۱۹۸۰ء بروز ہفتہ بوقت ساڑھے چھ بجے شام کو ۲۳۵ کوئنز کی ویسٹ، ہاربر فرنٹ (بریگانٹین روم) ٹورانٹو میں منعقد ہوگا۔
پروگرام میں پروفیسر مرزا قدیر بیگ صاحب تقریر فرمائیں گے —— داخلہ مفت ہے ——

مزید معلومات کیلئے فون کیجئے
ٹورانٹو 284-0580 یا 496-2214

جشن عید میلاد النبی

بروز اتوار بتاریخ ۲۴ فروری سنہ ۱۹۸۰ء

بمقام
۲۳۵ کوئنز کی ویسٹ، ہاربر فرنٹ، ٹورانٹو

• سمپوزیم • بچوں کیلئے تحریری مقابلہ • نعت خوانی
اور
• میلاد شریف • مثنوی کی تفہیم
(جس میں خواتین و حضرات حصہ لے رہے ہیں)

دعوتِ عام ہے

ملتمس: فون نمبر ۶۹۰-۲۸۰۳
فیڈریشن آف پاکستانی کینیڈینز
اور دیگر پاکستانی و مسلم ایسوسی ایشنز

برائے فوری فروخت

ایک ریسٹورنٹ، ایک ہزار ڈالر سے زیادہ فی ہفتہ آمدنی، بہترین لوکیشن —
ہر قسم کے سازوسامان سے آراستہ، لائسنس یافتہ
کسی مجبوری کی بنا پر مالک دوکان فوری طور پر فروخت کرنا چاہتے ہیں۔
خواہشمند حضرات درج ذیل پتہ پر رابطہ قائم کریں۔

C. H. F.
P.O. BOX 2113 STATION. B
SCARBOROUGH, ONT. MIN 2E5

چاندنی چوک کی ایک دوکان جو اپنے لذیذ کھانوں کی وجہ سے مشہور ہے، فوری طور پر فروخت کی جا رہی ہے
خواہشمند حضرات درج ذیل پتہ پر رابطہ قائم کریں۔

C.C.C.
P.O. BOX 2113, STATION B
SCARBOROUGH, ONT. MIN 2E5

مٹھائی کی چلتی ہوئی دوکان، بہترین لوکیشن،
معقول قیمت
رابطہ قائم کیجیے۔

SWEET
P.O. BOX 2113 STATION B
SCARBOROUGH, ONT. MIN 2E5

ہو رہے ہیں۔ جمشید پور اور الہ آباد کے واقعات آپ کے سامنے ہیں۔ ایسے غداروں کا نام و نشان مٹا دو جو ہمیں ۱۹۴۷ء سے پہلے کی ذلت سے جانے کی سازشوں میں مصروف ہیں۔ پاکستان قربانیاں دے کر حاصل کیا گیا۔ پاکستان کی سلامتی کے لیے بچے جانثاروں نے جان کے نذرانے پیش کیے۔ بچے بچے اس کی حفاظت کے لیے جان کی بازی لگا دیں گے، جس میں انشاءاللہ شہیدوں کا خون رنگ لائے گا اور فتح پاکستانی عوام کا مقدر بن چکی ہے۔ پاکستان زندہ باد
شہید پاکستان زندہ باد۔

عبدالعزیز گلانی

ضرورت رشتہ

۲۹ سالہ پاکستانی دوشیزہ کیلئے انجینئر پڑھے لکھے لڑکے کا رشتہ درکار ہے
صرف
سنجیدہ خواتین و حضرات درج ذیل کے پتہ پر رجوع کریں۔

AHSAN.
P.O. BOX NO. 2113
STATION B
SCARBOROUGH, ONT.
CANADA. MIN 2E5.

یہ جگہ
اشتہارات کے لئے خالی ہے۔ اشتہار کے لئے معلومات ... ڈالر ... میں ... ہے۔

آپ کے خطوط

اچانک میری نظر ملاں نیازی پر پڑی

میں ۱۸ اگست، روز اتوار لندن ائیرپورٹ پہنچا اور پتہ چلا کہ ہماری پی آئی اے کی فلائٹ تین گھنٹے لیٹ ہے۔ لہذا ہمیں گھر واپس جانا پڑا۔ واپسی [illegible] جانے کو کہا گیا۔ چونکہ رمضان شریف کی وجہ سے [illegible] ہم سب مختلف جگہوں پر جا بیٹھے۔ [illegible] انتظار کرنے لگے۔ میری نظر اچانک ملاں کوثر نیازی پر جو کہ اسی فلائٹ پر پاکستان جا رہا تھا۔ دیکھا کہ ملاں ایک [illegible] پر بیٹھا تھا [illegible] احرام کی [illegible] دونوں ہاتھوں میں خربوزہ [illegible] اس طرح کھا رہا تھا جیسے کوئی بھوکا [illegible] اس کے ساتھ ایک دوشیزہ بھی تھی۔ میں نے اپنے ساتھ ایک صاحب سے پوچھا کہ کیا آپ اس ذات شریف کو جانتے ہیں [illegible] اس خبیث روح کو کون نہیں جانتا۔ میں نے پوچھا کہ یہ دوشیزہ جس کے بال [illegible] اور نیم عریاں لباس پہنے [illegible] ہے وہ کون ہے [illegible] نئی شادی کی ہے [illegible] مسلمانوں کے روزہ افطاری کا وقت قریب تھا [illegible] پاکستان پہنچ کر [illegible] موجودہ حکمرانوں کے بارے میں بات کرنے کا [illegible] اور آپ دیکھیں گے کہ ہم سب [illegible]

شرعی والے کم از کم ان تمام جیالوں کو [illegible] کر دیں گے۔ امید ہے [illegible] وقت گزر رہا ہے ان کی موت کا وقت نزدیک آ رہا ہے۔ اس بات کی تصدیق [illegible] ہو جاتی ہے [illegible] جیالوں کو [illegible] پھانسی [illegible] ملا [illegible] اب دیکھیں یہ وقت کب آتا ہے۔ میری تو آنکھیں بھی اس دن کے انتظار میں ترس گئی ہیں۔

فقط آپ کا [illegible]

شہید پاکستان زندہ باد

آپ اچھی طرح جانتے ہیں کہ فوجی حکومت [illegible] کی انتہا ہو چکی ہے۔ پاکستان کو [illegible] تک پہنچا دیا گیا ہے [illegible] ایسے [illegible] ختم کرنے کی سازشوں میں مصروف ہیں [illegible] پاکستانی عوام نے [illegible] وقت آگیا ہے کہ پاکستانی عوام جہاد کے لئے تیار ہو جائیں۔ جہاد ہی کے ذریعے [illegible] پاکستانی اور کشمیری [illegible] طاقت آپ کے [illegible] اور انشاءاللہ کامیابی آپ کی ہو گی [illegible]

ترقی کی جانب ایک اور قدم

خدمت کا ایک نیا عہد

۲۲۰ وولٹ کا گھریلو سامان مثلاً ایرکنڈیشنر، ریفریجریٹر، واشنگ مشین، ٹی وی، وغیرہ وطن لے جانے کیلئے ہم سے رابطہ قائم کیجئے۔

۳ ماہ کی گارنٹی

جی ہاں ہم وعدہ کرتے ہیں کہ آپ کا سامان بک کرانے کے تین ماہ کے اندر اندر منزل مقصود پر پہنچ جائے گا۔

ہمارا وعدہ ٹھوس چٹان کی حیثیت رکھتا ہے

مزید معلومات اور مکمل پرائس لسٹ کے لئے رابطہ قائم کریں

UNIVERSE TRAVEL AGENCY

3316 KEELE STREET — DOWNSVIEW, ONTARIO, CANADA, M3J-[illegible]

ZAHIR MODI 630-7393

FORTNIGHTLY
MESSENGER
P.O. Box 2114
Postal Station "B"
Scarborough, Ontario
Canada M1N 2E5
Editor & Publisher: Sohail Akhtar
VOL. 2 | JAN. 21, 1980 | NO. 21-22


ہمارے سالہا سال کے تجربے سے فائدہ اٹھائیں
BIG BEN TRAVEL
Please Call Toronto 364 0750

پاکستان کے ساتھ بھارت بھی فوجی قوت بڑھائے گا
امریکہ کے ساتھ پاکستان کو ملنے والے اسلحہ پر بھارت کی تشویش



ایران نے جاپان کو تیل

نصرت اور بے نظیر بھٹو کی نظر بندی

بیرونی جارحیت کی صورت میں برطانیہ پاکستان کا دفاع کرے گا
درۂ خیبر پر برطانیہ کے وزیر خارجہ لارڈ کیرنگٹن کی پاکستان کو یقین دہانی

اسلام آباد میں مسلم وزرائے خارجہ کی کانفرنس کے انعقاد کی مخالفت
لیبیا، شام، الجزائر، یمن اور پی ایل او کانفرنس سعودی عرب میں بلانا چاہتے ہیں

افغان باغی ہتھیار ڈال رہے ہیں۔ کارمل کا دعویٰ
"پاکستان کو جارحیت کے لیے ایک اڈے میں بدل دیا گیا ہے"

بلوچستان میں سونے کے ذخائر

PLEASE SUBSCRIBE TO THE MESSENGER
A FORTNIGHTLY Popular URDU NEWSPAPER

SUBSCRIPTION RATES:

1 YEAR............ $ 10.00 (US AIRMAIL $12.00)
2 YEAR............ $ 20.00 (US AIRMAIL $22.00)
6 MONTH........... $ 6.00 (US AIRMAIL $ 7.00)
ANYWHERE ELSE FOR 1 YEAR BY AIRMAIL $ 15.00

The Messenger
FORTNIGHTLY NEWSPAPER

P. O. BOX 2114
POSTAL STATION "B"
SCARBOROUGH, ONTARIO,
CANADA M1N 2E5
PHONE (416) 267-8006

NAME ....
ADDRESS ....
POSTAL CODE ....
TELEPHONE ....
PLEASE MAKE CHEQUES PAYABLE TO "THE MESSENGER"